**Pakistan Tehreek-e-Insaf**

**Central Media Department**

## پاکستان تحریک انصاف نے مریم نواز کو جعلی مینڈیٹ پر 'سیلیکٹ' ہونے والی جعلی وزیر اعلیٰ قرار دے دیا

عوام کے ہاتھوں ذلت آمیز شکست کھانے والی خاتون کو جعلی ایوان کے جعلی نمائندوں کے ووٹ سے 'سیلیکٹ' کرواکر پنجاب کے عوام پر مسلط کر دیا گیا،

دہائیوں سے قومی خزانہ لوٹنے والے خاندانی اور نسلی چور عوام کے ووٹ پر ڈاکہ ڈالنے کے بعد اب 'مینڈیٹ چور' کے طور پر یاد رکھے جائیں گے،

جعلی فارم 47 کے سہارے وزیر اعلیٰ بننے والی 'کیلیبری کوئین' کے جعلی ڈگریوں، جعلی ٹرسٹ ڈیڈز اور جعلی قطری خط جیسے فریب اور چالبازیوں سے قوم آج بھی بخوبی واقف ہے،

جھوٹ، فریب اور جعلسازی جیسے شعبوں میں یدِ طُولیٰ رکھنے والی جعلی وزیر اعلیٰ نے حلف اٹھاتے ہی عوام کو بیوقوف بنانے کے سفر کا نئے سرے سے آغاز کر دیا ہے،

کل تک بجلی کے 300 یونٹ مفت دینے کے دعوے کرنے والی جعلی وزیر اعلیٰ کے منصب سنبھالتے ہی قوم کو بجلی کی قیمت میں ہوشربا اضافہ کا تحفہ دیا گیا،

جعلی وزارت اعلیٰ کا حلف اٹھاتے ہی اپنے چچا شوباز شریف کی سپیڈ سے مریم نواز کے 'اچانک' دوروں نے ان کی آئندہ کارکردگی کو پہلے ہی واضح کر دیا ہے،

894 ووٹوں سے ہارنے والی مریم نواز کا جعلی مینڈیٹ پر حلف اٹھانے کے بعد میرٹ کے فروغ کی بات کرنا مضحکہ خیز ہے، جعلی مینڈیٹ پر مشتمل پنجاب کی جعلی سرکار کی ترجیح عوام نہیں بلکہ ان کے پیسوں پر سرکاری پروٹوکول کے مزے لوٹنا ہے جو مریم نواز کی کنیزوں کے دھمکی آمیز بیانات سے واضح ہے،

عوام کے ووٹ پر ڈاکہ ڈال کر جعلی مینڈیٹ پر بننے والی جعلی سرکار اور پنجاب کی جعلی وزیر اعلیٰ کو یکسر مسترد کرتے ہیں، پنجاب کے باشعور عوام دہائیوں سے سرزمین پاکستان کو اپنی ذاتی جاگیر سمجھنے والے 'مینڈیٹ چور' خاندان کا ہر قدم پر محاسبہ کریں گے اور اپنا مینڈیٹ ہر قیمت پر واپس لیں گے، ترجمان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ